1989ء سے مسلسل اشاعت | 12 تا 18 نومبر 2021 | شمارہ نمبر 46 | جلد نمبر 33

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 70/-



APP

IBM ISO 9001:2015 CERTIFED

QURAN PAPER PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS COLOR PAPER Sinar Tech

SINAR SPECTRA COLOR CUBE

AQNA Brands

FOR BOOKING CONTACT IBM :

UAN: 111-IBM PAK Tel: +92-2132627061-63 Fax: +92-2132629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com Web: ibmpakistan.com

IBM™

ISO 9001:2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TJIWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD Bleach Board

pindo deli paper products

Indah Kiat Pulp and Paper Product

SINAR

VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital, Karachi. 74200
PAKISTAN. Ph: +92-21-32627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp





BMG

بزنس مین پینل

کراچی و لاہور میں خدمت کے 12 سال

بزنس مین گروپ

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

tjiwi kimia
paper products
www.tjikimia.co.id

PAPER THAT WORKS EVERYDAY



## ART PAPER

- 2/S COATED ART PAPER
- SINAR BRAND

EnOva SINAR



## PHOTOCOPY PAPER

- PAPERLINE GOLD
- INTEGRITE
- PAPERLINE
- AONE
- EXCELPRO

GOLD ExcelPro PAPERLINE a1ne



## WOODFREE PAPER

- SINAR ROYAL WHITE WOODFREE PAPER
- EXTRAPRINT PAPER PLUS
- WOODFREE BLUISH WHITE PAPER

EXTRAPRINT LUXURY OFFSET
pplus EXTRAPRINT LUXURY OFFSET
srw EXTRAPRINT LUXURY OFFSET



## SPECIALTY & CARBONLESS PAPER

- CONCORDE CAST COATED PAPER/BOARD
- FOOPAK GRASEPROOF PAPER
- ENZA KRAFT PAER

Impressions CARBONLESS Ellustra DRAWING PAPER enza foopak CONCORDE



## QUALITY STATIONERY ITEMS

- SINARLINE OFFICE & STATIONERY PRODUCTS MAKE YOUR BUSY SCHEDULE ALL IN ORDER!

SINARLINE



## OTHER PRODUCTS

- OFFSET PRINTING PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- PAPER PLUS
- 1/S CAST COATED BOARD/PAPER
- RECYCLED PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- WOODFREE PAPER

paperplus

## FOR BOOKING CONTACT

IBM
ISO 9001:2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# BIKIYA PAPER MART

we Serve unique & best quality paper to build on brand loyality

IK BLUISH WHITE OFFSET PAPER
THE MAGIC NUMBER 035
THINK OF PAPER THINK OF IK

SINAR ROYAL WHITE
WOODFREE PAPER

pindo deli
paper producs

FajarPaper

tjiwi kimia
paper products

## CONTACT

Shop # 1, Bikiya Manzil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi
phone:021-32620210, 32626021

# BILAL PAPER MART

A Very Famous Name For Indonesian Paper & Board Products

- Coated Duplex Board
- Coated Art Card
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Sticker Paper
- Ivory Card
- Bleach

## CONTACT

Shop # 8, Salma Manzil , Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi 74200

Phone: 021-32626285, 32626391, 32630109





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی
اشاعت: بروز جمعہ

**پبلشر حرا رؤف**
نے پرنٹر عبدالغفور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا

یہ شمارہ 24 رنگین اور 16 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

**رابطہ افس**
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سٹی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

**بانی: محمد رؤف**
ایڈیٹوریل بورڈ
پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

قیمت: 70 روپے
**چارجز**
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک [illegible] مارکیٹ کراچی
A/c-No: 010256027140112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

# اپیما انتخابات سے متعلق کیس کی سماعت 29 نومبر تک ملتوی

لاہور (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے 2019 کے انتخابات کو التوا میں ڈالے جانے اور دیگر کیسز میں لاہور ہائی کورٹ کے فیصلے کے خلاف خامس سعید بٹ اور دیگر کی جانب سے فوری فیصلے کے لیے رٹ پٹیشن نمبر 66012/2019 کے تحت فوری انتخابات کی اجازت کے لیے درخواست کی سماعت 9 نومبر 2021 کو یہاں منعقد ہوئی۔ اس موقع پر سیکریٹری جنرل اپیما محمد بلال کے علاوہ خامس سعید بٹ اور تین وکلا پیش ہوئے اور عدالت سے استدعا کی کہ کیس کو سن کر فوری انتخابات کرانے کی اجازت دی جائے۔ تاہم اس موقع پر نجم الرحمن اور ان کی ٹیم نے موقف اختیار کیا کہ کیس کا مکمل فیصلہ ہونے تک انتخابات نہیں ہو سکتے ہیں۔ عدالت نے وقت کی کمی اور وکلا کی درخواست پر سماعت 29 نومبر 2021 تک ملتوی کر دی۔ دریں اثنا چیئرمین بزنس مین پینل محمد سلیم بیکیا نے اس بات پر حیرت کا اظہار کیا کہ لاہور کے خودساختہ لیڈر سے اگر بات کرو تو وہ بیماری کا کہتے ہیں لیکن جب ٹریڈ کے اجتماعی مفاد کے خلاف بات کرنے کا موقع آئے تو وہ اس میں بھرپور جوش وخروش کے ساتھ حصہ لیتے ہیں اور انتخابات کے انعقاد میں رکاوٹیں پیدا کر رہے ہیں۔

# اے پی پی چائنا: قیمتوں میں ایک سو ڈالر فی ٹن کے اضافے کا اعلان

کراچی (پیپر بزنس نیوز) چائنا کے اے پی پی (APP) گروپ نے اپنی پیپر و پیپر بورڈ کی تمام کوٹڈ پروڈکٹس کی قیمتوں میں ایک سو ڈالر فی ٹن اضافے کا اعلان کر دیا ہے۔ 8 نومبر کو جاری ہونے والے ایک سرکلر میں کہا گیا ہے کہ اس اضافے کا اطلاق نومبر میں دسمبر کی پیداوار کے لیے موصول ہونے والے آرڈرز سے ہوگا۔ سابقہ تمام چارجز اور سرچارجز بدستور برقرار رہیں گے۔ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ حکومت نے توانائی کے بحران پر قابو پانے کے ساتھ ساتھ ماحولیاتی آلودگی سے متعلق قوانین پر عملدرآمد کے لیے مینو فیکچرنگ عمل کو محدود کر دیا ہے جس کی وجہ سے مینوفیکچرنگ عمل میں تعطل پیدا ہو رہا ہے۔ گروپ نے کہا کہ اس صورت حال سے پیداوار پر اثر پڑا ہے جو آپریشن لاگت میں اضافے کا باعث بنی ہے۔ اس کے علاوہ گروپ کو خام مال کے حصول میں بھی چیلنجز کا سامنا ہے اور بین الاقوامی سپلائی چین میں غیر یقینی صورت حال کے باعث اضافی فریٹ ادا کرنا پڑ رہا ہے جس کی وجہ سے بھی پیداواری لاگت میں اضافہ ہوا ہے اور لاگت کو پورا کرنے کے لیے ہم پر شدید دباؤ ہے جس کی وجہ سے یہ اضافہ کیا گیا ہے۔ گروپ نے کہا ہے کہ اس اضافے سے اپنے پروڈکٹس اور خدمات کے معیار کو برقرار رکھ سکیں گے اور حکومتی احکامات پر عملدرآمد ممکن ہو سکے گا۔ گروپ نے اپنے تمام صارفین سے توقع ظاہر کی ہے کہ وہ حقائق کے پیش نظر اپنا تعاون جاری رکھیں گے۔

## برطانیہ، سائنو ویک، سائنو فارم ویکسین کی منظوری، پاکستانیوں کیلئے سہولت

لندن (نیوز ڈیسک) برطانیہ نے انسداد کورونا ویکسین سائنو ویک اور سائنو فارم لگوانے والے پاکستان سمیت غیر ملکی مسافروں کو ملک میں داخل ہونے کی اجازت دے دی۔ برطانیہ کے محکمہ ٹرانسپورٹ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ اب سائنو ویک اور سائنو فارم ویکسین لگوانے والے مسافروں کو بھی ملک میں بغیر قرنطینہ مکمل کیے داخلے کی اجازت ہوگی جس کا اطلاق 22 نومبر سے ہوگا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق برطانیہ نے سائنو ویک اور سائنو فارم لگوانے والوں کو ملک میں داخل ہونے کی اجازت دے دی۔ اس سے قبل برطانیہ میں صرف فائزر، جانسن، موڈرنا اور ایسٹرازینیکا ویکسین لگوانے والے غیر ملکیوں کو ہی داخلے کی اجازت تھی۔

# مستند قرآنی نسخہ نہ چھاپنے کیخلاف کیس کی سماعت

لاہور (نمائندہ پیپر بزنس نیوز) لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شجاعت علی خان نے قرآن مجید کے مستند نسخہ کی اشاعت نہ کرنے کے خلاف کیس میں وزیر اعلیٰ پنجاب کی عدم پیشی پر اظہار ناراضگی کر دیا، عدالت نے ریمارکس دیئے اگر وزیر اعلیٰ سنجیدہ نہیں تو ریاست مدینہ کی بات کرنیوالے وزیر اعظم کو بلا لیتے ہیں دیکھتے ہیں انکے پاس کیا روڈ میپ ہے؟ باتیں کرنے اور حقیقت میں بہت فرق ہوتا ہے، عدالت میں محمد حسن معاویہ کی درخواست پر دوران سماعت پرنسپل سیکرٹری ٹو وزیر اعلیٰ علی جان، ڈائریکٹر سائبر کرائم بابر بخت قریشی، ایڈووکیٹ جنرل پنجاب، ڈی آئی جی لیگل سمیت دیگر افسران پیش ہوئے۔ دریں اثنا لاہور ہائیکورٹ نے قرآن پاک کے ترجمے میں تحریف سے متعلق کیس کا تحریری حکم جاری کر دیا، 6 صفحات پر مشتمل فیصلہ میں کہا گیا ہے کہ عدالتی حکم پر عمل درآمد کروا کر ذمہ داروں کے خلاف ایکشن لے کر رپورٹ دیں، چیئرمین قرآن بورڈ بہترین مترجم رکھنے کے لیے اقدامات کریں تاکہ طباعت درست ہو، عدالت نے ایڈیشنل آئی جی شہزاد سلطان کو فوکل پرسن مقرر کر دیا، عدالت نے قرار دیا کہ بادی النظر میں وفاقی اور صوبائی حکومت میں عدم تعاون کی بنا پر عدالت کے حکم پر عملدرآمد نہ ہوا، تمام متعلقہ حکومتی اداروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ عدالت کے حکم پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں، ذمہ دار حکام قرآن مجید کی طباعت میں غلطیوں پر ایکشن لے کر رپورٹ پیش کریں۔

☆ مشتہرین توجہ فرمائیں ☆

ہم اپنے کرم فرماؤں بالخصوص مشتہرین سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ اپنی ادائیگیاں بذریعہ کراس چیک بنام "پیپر بزنس" کرنے کی کوشش کریں۔ نقد ادائیگی کی صورت میں وصولی "رسید" لازمی حاصل کریں۔ رسید نہ ملنے کی صورت میں دفتر پیپر بزنس کے اس فون نمبر پر مطلع کریں۔ (ادارہ)

**0308-2933229**



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# ایکسچینج کمپنیوں کو جون تک بائیومیٹرک نظام نافذ کرنے کی ہدایت

کراچی (بزنس ڈیسک) اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) کو ایکسچینج کمپنیوں (ای سی) کے لیے 30 جون 2022 کی ٹائم لائن مقرر کی ہے تاکہ بائیومیٹرک تصدیق (بی وی ایس) کے نفاذ کو یقینی بنایا جاسکے۔ رپورٹ کے مطابق ایس بی پی کے جاری کردہ اعلامیے میں کہا گیا کہ تمام ای سی/ای ایس بی کیٹیگریز کو نیشنل ڈیٹابیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) کے ساتھ منسلک رکھنے کی ضرورت ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ مربوط نظام کو 30 جون 2022 کی مقررہ ٹائم لائن کے اندر لاگو کیا جائے۔ اسٹیٹ بینک نے 7 اکتوبر 2021 کو اوپن مارکیٹ سے ڈالر کی خریداری پر پابندی لگادی تھی کیونکہ مرکزی بینک نے 500 ڈالر یا اس سے زیادہ کی تمام خریداروں کے لیے بائیومیٹرک تصدیق کو لازمی قرار دیا تھا۔ اسٹیٹ بینک نے کہا کہ ایکسچینج کمپنیوں کو 500 ڈالر اور اس سے زیادہ کے تمام غیرملکی کرنسی کی فروخت کے لین دین کے لیے بائیومیٹرک تصدیق کرنی ہوگی۔ اس کا اطلاق 22 اکتوبر 2021 سے ہوا تھا تاہم نادرا کے ساتھ بی وی ایس کو منسلک کرنے کے ایک طویل عمل کی وجہ سے اس ڈیڈ لائن کو پورا نہیں کیا جاسکا۔ اسٹیٹ بینک نے بائیومیٹرک تصدیق کے لیے 22 اکتوبر کی آخری تاریخ کے بعد ای سہولت کے ذریعے ایک اور آپشن فراہم کیا جو کہ نادرا کی فرنچائز ہے۔ مرکزی بینک نے ایکسچینج کمپنیوں سے کہا تھا کہ وہ ای سہولت کے ساتھ بائیومیٹرک تصدیق 5 نومبر 2021 تک جاری رکھیں۔ 5 نومبر کے بعد ہر ایکسچینج کمپنی کو بائیومیٹرک تصدیق جاری رکھنے کی اجازت لینا ضروری ہے کیونکہ سسٹم نادرا سے منسلک نہیں ہوسکا۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق نادرا نے مطلع کیا تھا کہ اینڈرائیڈ پر مبنی بی او ی ایس کو ای سی/ای سی بی کی بنیادی کاروباری ایپلی کیشن کے ساتھ بھی مربوط کیا جاسکتا ہے۔ مرکزی بینک نے نادرا سے درخواست کی تھی کہ وہ بی وی ایس کے نفاذ میں ای سی سیکٹر کو سہولت فراہم کرے۔ تاہم فی الحال ای سی سیکٹر کو درپیش تکنیکی تبدیلیوں کو دیکھتے ہوئے نادرا نے ای سی/ای سی بی کے لیے اینڈرائیڈ پر مبنی بی وی ایس پیش کرنے کی تجویز پیش کی۔ اسٹیٹ بینک نے ایکسچینج کمپنیز ایسوسی ایشن آف پاکستان کی درخواست پر ای سی سیکٹر کو اجازت دی تھی کہ وہ اینڈرائیڈ کی بنیاد پر بی وی ایس کے نفاذ تک نادرا کی 'ای سہولت' نامی اینڈرائیڈ سہولت کی خدمات استعمال کرکے اپنے صارفین کو ایڈجسٹ کرے۔

# پاکستان اور چائنا سمیت دنیا میں توانائی بحران

## درآمدی اشیاء کی قیمتوں میں 10 تا 15 فیصد اضافے کا امکان

کراچی (پیپر بزنس نیوز) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافے اور دنیا بھر میں توانائی بحران نے پیداواری کمپنیوں کے لیے مشکلات پیدا کردی ہیں۔ پاکستان میں بھی پیٹرولیم کی قیمتوں میں اضافے اور گیس و ایل این جی قلت کے باعث صنعتوں کو مسائل کا سامنا ہے۔ اسی طرح چائنا بھی ان مشکلات سے دوچار ہے۔ مارکیٹ کے باخبر حلقوں کا کہنا ہے کہ اس بحران کے باعث درآمدی اشیاء بالخصوص چائنا سے درآمد ہونے والی اشیا کی قیمتوں میں دس تا پندرہ فیصد اضافے کا امکان ہے۔ اس کے ساتھ پاکستان میں ڈالر کی قدر بھی غیر یقینی کا شکار ہے جس سے امپورٹرز کے لیے مسائل پیدا ہورہے ہیں۔

# کے آئی سی ٹی پر کنسائمنٹس سے چوری کے واقعات کی شکایات

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) کراچی انٹرنیشنل کنٹینر ٹرمینل پر درآمدی کنسائمنٹس سے سامان کی چوری کے واقعات میں تیزی آگئی ہے۔ ذرائع کے مطابق کراچی انٹرنیشنل کنٹینر ٹرمینل پر موجود اسٹاف اور محکمہ کسٹمز کے اہلکاروں کی ملی بھگت سے درآمدی کنسائمنٹس سے سامان کی چوری کے باعث درآمدکنندگان میں شدید اضطراب کی لہر پائی جارہی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ گذشتہ دنوں چائنا سے درآمد کئے جانے والے کنسائمنٹ کی ایگزامینیشن کے دوان کنسائمنٹ سے سامان کی چوری کی گئی جس کے بعد درآمدکنندہ نے سامان کی برآمدی کے لئے ٹرمینل انتظامیہ کو مکتوب بھی ارسال کیا ہے لیکن ٹرمینل انتظامیہ کی جانب سے اس سلسلے میں تاحال کوئی کارروائی نہیں کی۔

# ویبوک سسٹم کے ذریعے بیگیج کے کنسائمنٹس کی کلیئرنس

کراچی (بزنس ڈیسک) ڈائریکٹوریٹ آف ریفارمز اینڈ آٹومیشن (کسٹمز) کلکریٹ آف کسٹمز انفورسمنٹ کو ہدایات جاری کی ہیں کہ بیگیج کے ذریعے درآمد کئے جانے والے تمام کنسائمنٹس کی کلیئرنس ویبوک سسٹم کے ذریعے ممکن بنائی جائے اس سلسلے میں ڈائریکٹوریٹ آف ریفارمس اینڈ آٹومیشن نے بیگیج کنسائمنٹس کے کلیئرنس کے لئے ویبوک سسٹم میں ایک موڈیول بنادیا ہے جس کے بعد بیگیج کے تمام کنسائمنٹس کی گڈز ڈیکلریشن ویبوک سسٹم کے ذریعے کی جاسکے گی۔ ڈائریکٹوریٹ کا کہنا ہے کہ ایف بی آر کی جانب سے ون کسٹمز کے ذریعے کنسائمنٹس کی کلیئرنس کے عمل کو ختم کرنے اور کنسائمنٹس کو ویبوک سسٹم کے ذریعے کلیئر کرنے پر زور دیا گیا ہے جس کے باعث ویبوک سسٹم کے ذریعے بیگیج کے کنسائمنٹس کی کلیئرنس کا موڈیول تیار کیا گیا اس سلسلے میں ڈائریکٹوریٹ آف ریفارمس اینڈ آٹومیشن نے کلکٹریٹ آف انفورسمنٹ کراچی کو ہدایات جاری کی ہیں کہ مستقبل میں آنے والے بیگیج کے تمام کنسائمنٹس کی کلیئرنس ویبوک سسٹم کے تحت کرکے ماڈیول کے نفاذ کو یقینی بنائیں۔

## پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے بعد مال گاڑیوں کے کرایوں میں 5 فیصد اضافہ

لاہور (نیوز ڈیسک) ریلوے حکام پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کے باعث مال گاڑیوں کے کرایوں میں 5 فیصد اضافہ کردیا۔ ذرائع کے مطابق حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ایکبار پھر اضافہ کردیا ہے، حالیہ اضافے کے بعد ریلوے حکام نے بھی مال گاڑیوں کے کرایوں میں 5 فیصد اضافہ کردیا ہے، اور حکام نے تمام ڈویژنوں کو نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا ہے، جس کے تحت کرایوں میں اضافہ کا اطلاق آج 5 نومبر 2021 سے ہی ہوگا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ملک بھر میں مین اور برانچ لائنوں پر چلنے والی تمام مال بردار گاڑیوں کے کرایوں میں 5 فیصد اضافہ نافذ عمل ہوگیا، مال بردار ٹرینوں میں کنٹینر ٹرین، کوئلہ ٹرینیں، فوسفیٹ اور کارگو ایکسپریس ٹرینیں شامل ہیں۔

## گاڑیوں کی قیمتوں میں اضافہ

کراچی (نیوز ڈیسک) انڈس موٹرز کمپنی نے بھی گاڑیوں کی قیمتیں بڑھادیں، مختلف گاڑیوں کی قیمتوں میں ایک لاکھ چالیس ہزار سے پانچ لاکھ اسی ہزار روپے تک کا اضافہ۔ تفصیلات کے مطابق انڈس موٹرز نے اپنی مختلف گاڑیوں کی قیمتوں میں ایک لاکھ چالیس ہزار سے پانچ لاکھ اسی ہزار روپے تک اضافہ کردیا۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725



ہم آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کی جانب سے

# جناب محمد اسلم جیلانی،

(سابق سینئر وائس چیئر مین اپیما)

کو سدرن زون سے رکن **"مینیجنگ کمیٹی"**

اور



# جناب بائو محمد بشیر،

(سابق سینئر وائس چیئر مین اپیما)

کو ناردرن زون سے رکن **"جنرل باڈی"**

برائے سال 2022 کے لئے فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے انتخابات

میں نامزد ہونے پر دلی **مبارکباد** پیش کرتے ہیں۔

ہمیں امید ہے کہ یہ دونوں تاجر برادری کے مسائل کے حل کے لئے اپنی آواز، اپنے تجربے اور موثر تجاویز کے ذریعے حکام بالا تک پہنچائیں گے، ہم ان کی کامیابی کے لئے دعا گوں ہیں۔

منجانب:

اظہر حسین (سابق صدر، سدرن زون)

**M/s. Kohinoor Traders**

3, Batool Plaza, Tayyabjee Road,
Paper Market, Karachi.
Tel: 021- 32625239

محمد احمد اظہر (اعزازی جنرل سیکریٹری، سدرن زون)

**M/s. Ahmed Corporation**

3, Batool Plaza, Tayyabjee Road,
Paper Market, Karachi.
Tel: 021- 32625239



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road,
Paper Market, Karachi.

Phone : 021-32216671, 2212081, 2601020

aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# PAPERLINE

Our Quest Superiority has Made us Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE
LINE OF PROFESSSIONALISM

## HI - GRADE
## PREMIUM PAPER

# A4

**21x29.7 cm**
**500 SHEETS**

# 80
**GSM**




BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012

IBM ™
ISO 9001.2015 CERTIFIED

## FOR BOOKING CONTACT

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001.2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

A QUALITY PRODUCT BY
APP
WWW.ASIAPULPPAPER.COM
Produced By
PT.Indah Kiat Pulp & Paper Tbk




Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# کراچی پورٹ اور پورٹ قاسم پر درآمدی کارگو کی قبل از آمد کسٹمز کلیئرنس کا آغاز

کراچی (بزنس ڈیسک) پاکستان کسٹمز نے تجارت کو آسان بنانے کے لیے کراچی پورٹ اور پورٹ محمد بن قاسم پر درآمدی کارگو کے لیے قبل از آمد کسٹمز کلیئرنس کی سہولت متعارف کرادی ہے۔اس سہولت کا باقاعدہ افتتاح جمعہ 5 نومبر 2021 کو ساؤتھ ایشیا پاکستان ٹرمینل (SAPT) کراچی میں منعقدہ ایک تقریب میں کیا گیا۔اس موقع پر چیف کلکٹر کسٹمز اپریزمنٹ (ساؤتھ ریجن) واجد علی نے تجارتی تنظیموں کے نمائندوں کو قبل از آمد کسٹمز کلیئرنس کی خصوصیات اور فوائد کے بارے میں آگاہ کیا۔انہوں نے وضاحت کی کہ کسٹمز ایکٹ 1969 کی قانونی دفعات کے مطابق درآمد کنندگان جہاز کی آمد کے متوقع وقت سے دس دن پہلے اپنے سامان کی ڈیکلریشن فائل کر سکتے ہیں۔قبل از آمد کلیئرنس ماڈیول کسٹمز رسک مینجمنٹ سسٹم کو اس قابل بناتا ہے کہ وہ کسٹمز WeBOC سسٹم میں داخل کردہ گڈز ڈیکلریشنز کا جائزہ لے اور ڈیوٹی کی مزید تشخیص، ریگولیٹری تقاضوں کی تکمیل یا سامان کی جانچ کی ضرورت نہ ہونے کی صورت میں اسے کلیئر کر سکے۔WeBOC سسٹم درآمد کنندہ اور ٹرمینل آپریٹر کو کسٹمز کے ذریعے کنسائنمنٹ کی قبل از آمد کلیئرنس کے بارے میں مطلع کرتا ہے جو جہاز کے برتھنگ کے بعد کارگو کے ڈسچارج ہونے پر فوری طور پر درآمد کنندہ کو پہنچایا جا سکتا ہے۔کاروبار کے وقت اور لاگت کو کم کر کے اس سے تجارت کو بہت فائدہ ہوگا۔چونکہ 50 فیصد سے زیادہ درآمدی کنٹینرز کو کسٹمز اپنی گرین چینل سہولت کے ذریعے کلیئر کر رہا ہے ایسے تاجر بغیر کسی تاخیر کے سمندری بندرگاہوں سے اپنے کنسائنمنٹس کی فوری ڈیلیوری حاصل کر سکتے ہیں یا قبل از آمد کلیئرنس کی سہولت حاصل کر کے کسٹمز کی مزید رسمی کارروائیوں کو حاصل کر سکتے ہیں۔چیف کلکٹر آف کسٹمز اپریزمنٹ (ساؤتھ) نے پورٹ آپریٹرز پر زور دیا کہ وہ کسٹمز کی جانب سے کلیئر کیے جانے والے کنٹینرز کی فوری ترسیل کے لیے ضروری انتظامات کریں اور اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کے لیے تجارتی نمائندوں کی حوصلہ افزائی کی جائے۔تقریب میں بندرگاہ پر جہاز کی برتھنگ سے قبل کسٹمز کی جانب سے کلیئر کیے گئے کنٹینر کی براہ راست ترسیل کا مشاہدہ کیا گیا۔مشق کے منتظمین میں چیف کلکٹر واجد علی، ڈائریکٹر جنرل ویلیوایشن ڈاکٹر فرید اقبال قریشی، کلکٹر اپریزمنٹ طاہر قریشی، کلکٹر ایکسپورٹ عامر تھائم، کلکٹر ایکسپورٹ پورٹ قاسم اسد رضا رضوی، چیمبر آف کامرس کے 5 ممبران، ایف پی سی سی آئی کے 5 ممبران، پرویز عمر انٹرپرائزز کے سی ای او فیصل پرویز، کراچی کسٹم ایجنٹس ایسوسی ایشن کے صدر سیف اللہ خان، جنرل سیکرٹری ارشد خورشید، ایونٹ آرگنائزر ایڈیشنل کلکٹر ایس اے پی ٹی محمود الحسن اسسٹنٹ کلکٹر بخت بری یار اور دیگر شامل تھے۔

# انکم ٹیکس اور جی ایس ٹی کے علاوہ تمام ٹیکس ختم کردیں گے، شوکت ترین

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) مشیر خزانہ شوکت ترین نے کہا ہے کہ اگلے دو سال میں صرف دو ٹیکسز انکم ٹیکس اور جی ایس ٹی لاگو ہوں گے باقی تمام ٹیکسز کا خاتمہ کر دیا جائے۔اسلام آباد میں تقریب سے خطاب کے دوران شوکت ترین نے کہا کہ ہمیں لوگوں کی آمدن سے متعلق تمام معلومات مل چکی ہیں، ایف بی آر اور نادرا کا ڈیٹا ایک ہوگیا، حکومت نے آرٹی فیشل انٹیلی جنس کا استعمال کر کے ڈیٹا اکھٹا کیا ہے۔ٹیکس کے نظام کو سہل کر رہے ہیں، اگلے دو سال میں صرف دو ٹیکسز انکم ٹیکس اور جی ایس ٹی لاگو ہوں گے، باقی تمام ٹیکسز کا خاتمہ کر دیا جائے گا۔مشیر خزانہ نے کہا کہ ٹیکس لینا حکومت کا حق ہے، ٹیکس سے متعلق ایف بی آر کی مداخلت ختم کر دی، ساٹھ کی دہائی میں پاکستان چوتھی بڑی معاشی طاقت تھے، ہمیں معاشی طاقت کو واپس لانا اور عالمی اداروں پر انحصار ختم کرنا ہے، ہم ٹیکس کے بغیر ترقی نہیں کر سکتے، ٹیکس دہندگان کو کوئی ہراساں نہیں کرے گا لیکن ٹیکس سب کو دینا ہوگا، یہ بھول جائیں کہ ٹیکس نہیں دینا۔

# سفری پابندیاں ختم ہونے کے بعد ائیرلائنز کے کرائے آسمان پر

کراچی (نیوز ڈیسک) کورونا وائرس کی پابندیوں کے باعث ہونے والے نقصان کی وصولی کے لیے مقامی اور بین الاقوامی ایئر لائنز نے دبئی، امریکا اور یورپ کے لیے کرایہ تقریباً دگنا کر دیا۔رپورٹ کے مطابق ایئر لائن حکام کی جانب سے بتائی گئی کرایوں میں بے تحاشا اضافے کی وجوہات میں دیگر ممالک میں کورونا وائرس کی پابندی ہٹنے کے بعد مسافروں کی بڑی تعداد میں آمد، ایندھن کی قیمتوں میں اضافہ اور روپے کی قدر میں کمی شامل ہے۔گفتگو کرتے ہوئے ایئر لائن کے ایک عہدیدار کا کہنا تھا کہ 'دبئی کے لیے اکانومی کلاس کے ریٹرن ٹکٹ کے پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز (پی آئی اے) 90 ہزار روپے وصول کر رہی ہے جبکہ غیر ملکی ایئر لائن کا کرایہ تقریباً ایک لاکھ 10 ہزار روپے ہے'۔انہوں نے کہا کہ اسی طرح برطانیہ کے لیے اکانومی کلاس کا ریٹرن ٹکٹ 2 لاکھ 80 ہزار سے 3 لاکھ 50 ہزار روپے کے درمیان ہے جبکہ استنبول کا ریٹرن ٹکٹ ایک لاکھ روپے کا ہے۔ان کا مزید کہنا تھا کہ ایئر لائنز کے کرایوں میں اتنے زیادہ اضافے کے پیچھے مختلف وجوہات ہیں، جیسے ہی ممالک نے کورونا وائرس سے متعلق سفری پابندیاں ختم کی ہیں دیگر ممالک میں پھنسے ہوئے مسافروں نے سفر شروع کر دیا۔عہدیدار نے مزید کہا کہ ایندھن کی قیمت انتہائی بڑھ چکی ہے جبکہ پاکستانی روپیہ تیزی سے اپنی قدر کھو رہا ہے۔چنانچہ مقامی اور غیر ملکی ایئر لائنز اسے عالمی وبا کے باعث ہوئے نقصانات کو پورا کرنے کے موقع کے طور پر دیکھ رہی ہیں۔ایک اور عہدیدار کا کہنا تھا کہ دبئی کے کرایے میں دوگنا سے زائد اضافہ ہوا ہے جس کی وجہ دبئی میں جاری ایکسپو 2020 اور ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ ہے اور ایئر لائنز مکمل گنجائش کے ساتھ بُک ہیں۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# کاربن لیس، مقامی ڈپلیکس بورڈ اور اسٹیکر کی قیمتوں میں اضافہ

## آرٹ کارڈ، آفسیٹ آئی کے اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں کمی، پرائس سروے رپورٹ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے تیزی کا رجحان دیکھا گیا اور 10 نومبر 2021 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں اسٹیکر پیپر ویریٹیک، ایکنا، جی ایس ایف، کاربن لیس پیپر امپریشن پنڈو، امپریشن اسٹار، امپریشن ڈاٹ، مقامی ڈپلیکس بورڈ ونز نیچرل بیک، ونز براؤن بیک اور شاہین نیچرل بیک کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ جبکہ آفسیٹ ریل کٹ، آفسیٹ آئی کے، پنڈو کارڈ اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز میں کمی دیکھنے میں آئی۔ درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ میں اضافہ اور پنڈو ڈیلی میں کمی دیکھی گئی۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال اس طرح سے ہے کہ پنڈو آرٹ کارڈ گولڈن کوئن پنڈو ڈیلی تمام سائز تمام گرام، 290 روپے سے کم ہو کر 288 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ کاربن لیس پیپر امپریشن پنڈو 2000 انڈونیشیا، 17x24 سائز 2325 روپے سے بڑھ کر 2350 روپے، 18x23 سائز 2425 روپے سے بڑھ کر 2450 روپے فی ریم ہو گیا ہے۔ کاربن لیس پیپر امپریشن اسٹار چائنا 24x34 سائز، 4200 روپے سے بڑھ کر 4500 روپے فی ریم ہو گیا ہے۔ امپریشن ڈاٹ چائنا 24x34 سائز، 4200 روپے سے بڑھ کر 4400 روپے فی ریم ہو گیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ ونز نیچرل بیک تمام سائز 250 تا 300 گرام، 114 روپے سے بڑھ کر 120 روپے، تمام سائز 350 گرام، 114 روپے سے بڑھ کر 120 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ ونز براؤن بیک تمام سائز تمام گرام، 110 روپے سے بڑھ کر 115 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ شاہین نیچرل بیک تمام سائز 250 گرام، 100 روپے سے بڑھ کر 103 روپے، تمام سائز 290 گرام، 100 روپے سے بڑھ کر 103 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا تمام سائز تمام گرام 290 روپے سے بڑھ کر 291 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ بلیچ بورڈ پنڈو ڈیلی تمام سائز تمام گرام، 289 روپے سے کم ہو کر 288 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ آفسیٹ پیپر آئی کی 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 255 روپے سے کم ہو کر 252 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ آئی کے 035 مشین/ریل کٹ 250 روپے سے کم ہو کر 245 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا، پی پی سی براؤن 70 گرام، 635 روپے سے کم ہو کر 625 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ پی پی سی براؤن 80 گرام، 680 روپے سے کم ہو کر 670 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ پی پی سی F4B۔ 70 گرام، 690 روپے سے کم ہو کر 680 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام، 640 روپے سے کم ہو کر 625 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام، 700 روپے سے کم ہو کر 680 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 650 روپے سے کم ہو کر 640 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ آئی کے کاپی F4B-13۔ 70 گرام، 690 روپے سے کم ہو کر 680 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ آئی کے کاپی F4A۔13 .5۔ 70 گرام، 700 روپے سے کم ہو کر 690 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ سگنیچر 80 گرام، 770 روپے سے بڑھ کر 790 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ آر یا 70 گرام، 620 روپے سے کم ہو کر 610 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ ڈبل اے 70 گرام، 710 روپے سے کم ہو کر 700 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ ڈبل اے 80 گرام، 810 روپے سے کم ہو کر 790 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ اسمارٹسٹ 70 گرام، 650 روپے سے کم ہو کر 640 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ اسٹیکر پیپر ویریٹیک انڈونیشیا 20x30 سائز الٹرا 3650 روپے سے بڑھ کر 3700 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ اسٹیکر پیپر AQNA انڈونیشیا، 20x30 سائز، 2900 روپے سے بڑھ کر 2950 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک GSF انڈونیشیا، 20x30 سائز، 2600 روپے سے بڑھ کر 2675 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔

# ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قدر میں اتار چڑھاؤ بدستور جاری

کراچی (بزنس ڈیسک) کرنسی مارکیٹ، آئی ایم ایف معاہدے میں تاخیر کے باعث ایک بار پھر روپے پر دباؤ میں اضافہ، انٹر بینک میں ڈالر 171 روپے اور اوپن مارکیٹ میں 174 کی حد عبور کر گیا، فاریکس ایسوسی ایشن کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق منگل کو 9 نومبر کو انٹر بینک میں ڈالر کی قیمت خرید 1.05 روپے کے اضافے سے 170.60 روپے سے بڑھ کر 171.65 روپے اور قیمت فروخت 1.15 روپے کے اضافے سے 170.70 روپے سے بڑھ کر 171.85 روپے ہو گئی ہے، دوسری جانب اوپن مارکیٹ میں 1.05 روپے کے اضافے سے ڈالر کی قیمت خرید 172.50 روپے سے بڑھ کر 174.00 روپے اور قیمت فروخت 173.00 روپے سے بڑھ کر 174.50 روپے ہو گئی ہے، فاریکس رپورٹ کے مطابق 1.50 روپے کے اضافے سے یورو کی قیمت خرید 198.00 روپے سے بڑھ کر 199.50 روپے اور قیمت فروخت 200.00 روپے سے بڑھ کر 201.50 روپے ہو گئی ہے جبکہ برطانوی پاؤنڈ کی قیمت خرید 2.70 روپے کے اضافے سے 231.50 روپے سے بڑھ کر 234.20 روپے اور قیمت فروخت 2.20 روپے کے اضافے سے 236.20 روپے ہو گئی ہے۔ تاہم بدھ 10 نومبر 2021 کو ڈالر کی قیمت میں ایک بار پھر معمولی کمی ہونا شروع ہو گئی اور ڈالر 172.50 تک ٹریڈ ہوا۔


**FAIR TRADE** (Pvt) Limited

A Trusted & Reliable Name For Genuine Trading in Paper & Board

Serving Since 1975

**Distributors**
Flying Paper
Bulleshah (Packages)
Crown (Fazal Paper)

**Importers**
Offset Paper
Bleached Board
Duplex Board

4, Mohammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi. Phones: 021-3262 5600 - 3262 5633

Whatsapp: 0334-0209809 | Fax: (92-21) 32621614 | Email: fairtrade1961@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# ٹیکس وصولی کیلئے آرٹیفیشل انٹیلی جنس سے آمدنیوں کا حساب لگائیں گے، مشیر خزانہ

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) مشیر خزانہ شوکت ترین نے کہا ہے ہمارے پاس سب کے بلز، بینک اکاؤنٹس، گاڑیوں، سفری معلومات، رہائش گاہوں وغیرہ کی تفصیلات آ گئی ہیں، اب ہم آرٹیفیشل انٹیلیجنس کا استعمال کر کے آمدن کا تخمینہ لگائیں گے اور ٹیکس کا بل بھیجیں گے۔ اسلام آباد میں کامیاب جواب کنوینشن سے خطاب کرتے ہوئے مشیر خزانہ نے کہا کہ تاجروں سے ملاقات میں ان پر واضح کر دیا ہے کہ ٹیکس تو ہم سب کو دینا پڑے گا اگر آپ ٹیکس نہیں دیں گے تو ہم ترقی نہیں کر سکتے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر ٹیکس نہیں دیں گے جیسا کہ 70 برسوں سے نہیں دے رہے تو بھول جائیں، ٹیکس دینا پڑے گا البتہ اس میں فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی ہراسانی ختم کر کے سہولت فراہم کی جائے گی۔ شوکت ترین نے کہا کہ سیلف اسسمنٹ ہے، آپ خود اپنے ریٹرنز بھریں، آپ کو کوئی تنگ نہیں کرے گا، اگر کوئی اختلاف ہوا تو تھرڈ پارٹی آڈٹ ہوگا، ایف بی آر والے آڈٹ بھی نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ تاجروں کی زندگی سے ایف بی آر کو نکال دیا گیا ہے لیکن اس کا مقصد یہ نہیں کہ آپ ٹیکس نہ دیں۔ ان کا کہنا تھا کہ تاجروں نے شکایت کی کہ ایف بی آر اور نادرا کا ڈیٹا شیئر ہونا شروع ہو گیا ہے، یہ بالکل ٹھیک بات ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ لوگ ٹیکس ادا نہیں کر رہے۔ انہوں نے بتایا کہ ہمارے پاس سب کا ڈیٹا آ گیا ہے، بلز، بینک اکاؤنٹس کی تفصیلات، گاڑیوں کی مالیت، سفری معلومات، رہائش گاہوں سب کی تفصیلات ہمارے پاس ہے اور اب ہم آرٹیفیشل انٹیلیجنس کا استعمال کر کے آمدن کا تخمینہ لگا لیں گے۔ ان نے مزید بتایا کہ اس طریقے سے آمدن کا 88 فیصد تک درست تخمینہ لگا سکتے ہیں جس کے بعد ایک بل بھیجا جائے گا جس میں جبر نہیں بلکہ درخواست کی جائے گی کہ یہ آپ کی آمدن ہے اور یہ ٹیکس ہے، اگر آپ کے خیال میں درست ہے تو اتنا ٹیکس ادا کر دیں۔ مشیر خزانہ نے کہا کہ یہ کام ہم کریں گے کیوں کہ یہ ہمارا حق ہے، ریاست کا حق ٹیکس لینا ہے اور اگر آپ کا خیال ہے کہ ہم یہ نہیں کریں گے تو بھول جائیں لیکن آپ کے ساتھ مشاورت کریں گے۔ انہوں نے بتایا کہ اگر تاجروں کو کوئی تنگ کر رہے ہیں یا مشینوں میں اعداد و شمار درست نہیں تو آپ کو سہولت فراہم کی جائے گی۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ہمارے ساتھ مل کر بیٹھیں ہم آپ کی مشکلات دور کریں گے لیکن یہ ملک آپ کا اپنا ہے، آپ ٹیکس نہیں دیتے تو آپ کو ووٹ کا بھی کوئی حق نہیں ہے۔ شوکت ترین نے کہا بہت سے لوگ یہ کہتے ہیں کہ حکومت کوئی سہولت نہیں دیتی اس لیے ہم ٹیکس نہیں دیتے، آپ سڑکیں استعمال کرتے ہیں، بجلی استعمال کرتے ہیں، بہت سے تو بجلی کے پیسے نہیں دیتے، پولیس، فوج آپ کا دفاع کرتی ہے اس کے لیے پیسہ کہاں سے آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ بھول جائیں کہ ٹیکس نہیں ہوگا، البتہ اسے آسان بنایا جائے گا اور 2 ٹیکس ہوں گے، ایک انکم ٹیکس اور دوسرا جی ایس ٹی، باقی ود ہولڈنگ ٹیکس، ٹرن اوور ٹیکس کو آئندہ 2 سے 3 سال میں ختم کر دیا جائے گا۔ مشیر خزانہ نے کہا کہ ان ٹیکسز کو ختم کرنے کا مقصد یہ ہوگا کہ آمدن ہو تو ٹیکس ادا کریں، ابھی تو نقصان بھی ہوتا ہے تو ٹیکس ادا کرنا پڑتا ہے جس کی تُک نہیں بنتی۔ انہوں نے کہا کہ ہم مشاورت کریں گے، پاکستان کو آگے بڑھنا ہے تو سب کو اپنا حصہ ڈالنا ہے، ہم کوشش کریں گے کہ آپ کو تکلیف نہ ہو لیکن آپ کو بھی اس بات کو مدِ نظر رکھنا ہوگا کہ ترقی کرنے کے لیے جی ڈی پی کی 9 فیصد ٹیکس شرح نہیں ہو سکت بلکہ کم از کم 20 فیصد ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ بزنس میں بڑی صنعتوں کو با آسانی قرضے مل جاتے ہیں لیکن اب ہمیں چھوٹے اور متوسط کاروباروں کو قرضوں کی آسانی سے فراہمی پر زور دینا کیوں کہ دنیا بھر میں ایس ایم ایز معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہوتی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ 60 کی دہائی میں ہم چوتھی بڑی معاشی قوت تھے اور آج 25 ویں نمبر پر بھی نہیں ہیں، ہمیں یہ کھویا ہوا عروج واپس لے کر آنا ہے تاکہ ہم کسی اور پر انحصار نہ کریں، خاص کر بین الاقوامی اداروں سے انحصار ختم کرنا ہے۔

# جامع الائنس مارکیٹ ایسوسی ایشن کا چوری کی بڑھتی وارداتوں پر تشویش کا اظہار

کراچی (نیوز ڈیسک) جامع الائنس مارکیٹ ایسوسی ایشن (جامع) کے ایک وفد نے جامع مارکیٹوں میں چوری کی بڑھتی ہوئی وارداتوں اور دکانداروں کے ساتھ پولیس افسران کے ناروا سلوک پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کراچی چیمبر سے درخواست کی کہ وہ اس سنگین مسئلے کو محکمہ پولیس کے اعلیٰ حکام کے ساتھ اٹھائے تاکہ پولیس افسران کی دھونس، زبردستی سے نجات مل سکے۔ وفد نے جامع مارکیٹوں میں خواتین پولیس اہلکاروں کی تعیناتی کے لیے کے سی سی آئی کی مدد بھی طلب کی جہاں آئے روز بڑے پیمانے پر چوری کے واقعات رپورٹ ہو رہے ہیں جن میں خواتین ملزمان جرم میں ملوث ہوتی ہیں۔ یہ گزارشات جامع الائنس مارکیٹ ایسوسی ایشن کے وفد نے چیئرمین شیخ محمد ارشاد کی سربراہی میں کے سی سی آئی کا دورے کے موقع پر اجلاس میں پیش کیں۔ کے سی سی آئی کے صدر محمد ادریس، سینئر نائب صدر عبدالرحمان نقی، نائب صدر قاضی زاہد حسین، چیئرمین خصوصی کمیٹی برائے اسمال ٹریڈرز مجید میمن اور منیجنگ کمیٹی کے اراکین نے بھی اجلاس میں شرکت کی۔ کے سی سی آئی کے صدر محمد ادریس نے انسداد تجاوزات مہم کے حوالے سے خدشات کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ جناح مارکیٹ کے کسی بھی نمائندے نے آج تک اپنے کاروبار کی منتقلی کے لیے کے سی سی آئی سے رابطہ نہیں کیا۔ مجید میمن کی زیر نگرانی کے سی سی آئی کی خصوصی کمیٹی برائے چھوٹے تاجروں نے اس بات کو یقینی بنایا ہے کہ مختلف بازاروں کے بے دخل دکانداروں کو متبادل دکانیں الاٹ کی جائیں۔ کے سی سی آئی جناح مارکیٹ کے دکانداروں کو درپیش مسائل حل کرنے کے لیے تیار ہے لیکن دکاندار اس چیمبر کے ساتھ تحریری طور پر تفصیلات کا تبادلہ کریں تاکہ ہم اس مسئلے کو ایڈمنسٹریٹر کراچی کے ساتھ کے سی سی آئی کے دورے کے دوران اٹھا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ چھوٹے تاجروں کے مسائل کو عام اور غیر معمولی حالات میں حل کرنے کو اولین ترجیح دینا ہمیشہ سے پہلی اور اولین ذمہ داری رہی ہے۔ یہ کے سی سی آئی ہی ہے جو لاک ڈاؤن کے دوران پابندیوں میں نرمی کا مطالبہ کرتا رہا اور یہی چیمبر ہے جس نے اتوار کو سندھ حکومت کو لاک ڈاؤن کی پابندی ہٹانے پر آمادہ کیا۔ چیئرمین اسپیشل کمیٹی برائے اسمال ٹریڈرز مجید میمن نے کہا کہ کے سی سی آئی انسداد تجاوزات مہم سے متاثرہ اور بے دخل کاروباروں کی آسانی سے منتقلی کو یقینی بنانے کے لیے سرگرم ہے۔ جناح مارکیٹ کے متاثرین خود کو تنہا نہ پائیں جیسا کہ ہم ان کی مدد کے لیے 24 گھنٹے دستیاب ہیں۔

# اوورلوڈنگ کے خاتمے ایکسل ویٹ لوڈ لمٹ قانون، پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے، نعیم شاہ

لاہور (نیوز ڈیسک) آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اونرز ایسوسی ایشن کے مرکزی رہنما نعیم احمد شاہ نے کہا ہے کہ ہمیں بھی احتجاج کا راستہ اختیار کرنے پر مجبور نہ کیا جائے، فی الفور اوورلوڈنگ کے خاتمے ایکسل ویٹ لوڈ لمٹ قانون اور دیگر مطالبات پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے، ملک احتجاج اور ہڑتال کا متحمل نہیں، حکومت گڈز ٹرانسپورٹرز سے کیے گئے وعدوں کی پاسداری کرے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے محمد اظہر قادری، حاجی محمد عارف، حاجی اظہر سراج، چوہدری گل شیر وڑائچ، میاں طاہر محمود، میاں طیب یونس، میاں محسن یونس، میاں عامر مشتاق، میاں سرمد نوید، میاں عامر اکرام، عبدالرحمان وٹو و دیگر سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم محب وطن ہیں ہمارا ملک مزید کسی ہڑتال کا متحمل نہیں ہو سکتا، ہم صرف قانون کی عملداری چاہتے ہیں، اوورلوڈنگ کی روک تھام اور ایکسل ویٹ لوڈ لمٹ قانون پر عملدرآمد انتہائی سست روی کا شکار ہے، حکومت وقت اوورلوڈنگ کے خاتمے اور ایکسل ویٹ لوڈ لمٹ قانون پر سختی سے عملدرآمد کو یقینی بنائے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت سنجیدگی کا مظاہرہ اور اپنی آئینی قانونی ذمہ داری کو پورا کرتے ہوئے اوورلوڈنگ کرنیوالے عناصر کو سختی سے روکے اور ایکسل ویٹ لوڈ لمٹ قانون پر فی الفور عملدرآمد کو یقینی بنائے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

## RETAIL PRICE

| Size | gr, | @/Rm. |
|---|---|---|
| **PRINTING PAPER** | | |
| **COLOURBOND-CHINA-2** | | |
| 18x23 | 40 | 435 |
| **COLOUR BOND-LOCAL** | | |
| 18x23 | 50 | 420 |
| 17x27 | 50 | 465 |
| **CENTURY POSTER** | | |
| 30x40 | 38 | 760 |
| **FLYING POSTER** | | |
| 30x40 | 38 | 665 |
| **NEWS PRINT** | | |
| **SWEDEN** | | |
| 18X23 | 36 | 195 |
| 18x23 | 40 | 200 |
| 17x27 | 40 | 225 |
| 20x30 | 40 | 260 |
| 18x23 | 45 | 215 |
| 17x27 | 45 | 230 |
| 20x30 | 42 | 275 |
| 20x30 | 45 | 280 |
| 23x33 | 45 | 415 |
| 23x36 | 45 | 430 |
| 20x30 | 48 | 290 |
| 23x33 | 48 | 440 |
| 23x36 | 48 | 460 |
| 18x23 | 50 | 225 |
| 23x36 | 52 | 550 |
| 23x33 | 52 | 525 |
| 20x30 | 55 | 350 |
| 23x33 | 55 | 540 |
| **COLOURNEWSPRINT (YELLOW)** | | |
| 18X23 | 40 | 210 |
| 17X27 | 40 | 240 |
| 20X30 | 40 | 310 |
| **NEWSPRINT BLUE,** | | |
| 18x23 | 45 | NA |
| *Green:* | | |
| 18x23 | 45 | 255 |
| *Orange:* | | |
| 18x23 | 45 | 245 |
| **LEDGERCHINA** | | |
| 27x34 | 58 | 2800 |
| 20x30 | 58 | 1800 |

## پیپر ٹریڈ اور لاہور پیپر مارکیٹ کے مسائل پر اپیما کے وفد کی گورنر پنجاب سے ملاقات

لاہور (نمائندہ خصوصی) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے ایک وفد نے چیئرمین شمیم احمد ملک کی قیادت میں گورنر پنجاب خواجہ احمد طارق رحیم سے 24 دسمبر کو گورنر ہاؤس لاہور میں ملاقات کی۔ اور ان سے پیپر ٹریڈ و پیپر مارکیٹ لاہور کو درپیش مسائل پر تفصیل سے تبادلہ خیال کیا۔ وفد نے گورنر کو شارع ملت کے قریب ٹریفک کی بے قاعدگیوں' صفائی کے فقدان' سرکلر روڈ پر ٹریفک کے مسائل اور بالخصوص شارع ملت کے لئے منظور شدہ پی ایم ٹی کی تنصیب کے مسائل سے آگاہ کیا۔ گورنر نے موقع پر ہی کمشنر لاہور کو ان مسائل کے حل کے لئے احکامات جاری کئے۔ وفد نے انہیں بتایا کہ پیپر مارکیٹ میں بجلی کا بحران شدت اختیار کرگیا ہے اور واپڈا اس سلسلے میں متعدد بار کی یاد دہانیوں کے باوجود منظور شدہ پی ایم ٹی جس کے لئے ایسوسی ایشن نے اپنی مدد آپ کے تحت بنیاد بھی تیار کردی ہے' کی تنصیب کے لئے لیت و لعل سے کام لے رہی ہے۔ وفد کے چیئرمین نے گورنر سے درخواست کی کہ وہ پیپر اور پیپر بورڈ کو کسٹم ڈیوٹی کی زیادہ سے زیادہ شرح کو کم کرنے اور نیوز پرنٹ پر امتیازی ڈیوٹی کے خاتمے کے مطالبوں کے لئے وفاقی حکومت سے سفارش کریں۔ گورنر نے وفد کو یقین دلایا کہ وہ ان مسائل کو وزیر اعظم اور سی بی آر کے متعلقہ حکام تک پہنچانے کے لئے ہر ممکنہ کوشش کریں گے۔ وفد نے گورنر کا شکریہ ادا کیا اور انہیں لاہور پیپر مارکیٹ کے دورے کی دعوت دی جو انہوں نے قبول کرلی۔ وفد کے دیگر اراکین میں وائس چیئرمین توصیف الرحمن ملک' اراکین سینٹرل کمیٹی شمشاد خان' سمیع اللہ بٹ' ناردرن سرکل کے سینئر نائب صدر ظہیر محی الدین بٹ اور رکن ایگزیکٹو کمیٹی ملک محمد اکرم' فواد احمد ملک اور سیکریٹری ایپما ایم رؤف شامل تھے۔



آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے وفد کا گورنر پنجاب خواجہ احمد طارق رحیم کے ہمراہ گروپ' دائیں طرف سے فواد ملک' ملک محمد اکرم' ظہیر محی الدین' ناظم علی' گورنر پنجاب راجہ احمد طارق' چیئرمین ایپما شمیم احمد ملک' وائس چیئرمین توصیف الرحمن ملک' سمیع اللہ بٹ سیکرٹری ایم رؤف اور شمشاد

## لاہور کی ضلعی انتظامیہ کی ایپما کے وفد سے ملاقات

لاہور (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے ایک وفد سے گورنر پنجاب کی ہدایت پر لاہور کی انتظامیہ کے ذمہ دار افسران نے ملاقات کی ہے اور ان سے مارکیٹ کے اطراف کے مسائل بالخصوص ٹریفک اور سڑکوں کی حالت کے مسائل پر تبادلہ خیال کیا تاکہ ان کی تجاویز کی روشنی میں ٹریفک نظام کی بہتری کے لئے اقدامات کئے جاسکیں۔ انتظامیہ نے وفد کو یقین دلایا ہے کہ اس سلسلے ایک سروے بھی کیا جارہا ہے اور انتظامیہ کے اہلکار مارکیٹ کے اطراف کا دورہ کریں گے۔ وفد کی قیادت شمیم احمد ملک چیئرمین ایپما نے کی جبکہ دیگر اراکین میں سینٹرل کمیٹی کے اراکین شمشاد خان اور سمیع اللہ بٹ بھی شامل تھے۔

## مقامی ملیں ڈسٹری بیوٹر اور ڈیلر کے حقوق کا بھی تحفظ کریں' شمیم احمد ملک

